(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## معاشرتی

معاشرتی رویے

گھریلو کام کاج

**تین چوتھائی (75%) پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ بینک ٹرانزیکشنز (یعنی بینک میں رقم جمع کروانا یا نکلوانا) بنیادی طور پر اُن کے گھرانے کے مرد حضرات کرتے ہیں، جبکہ 7% پاکستانیوں کے مطابق بینک میں رقم جمع کروانا یا نکلوانا خاص طور پر اُن کے گھرانے کی خواتین کرتی ہیں۔**


**(گیلپ & گیلانی پاکستان)،**

(اسلام آباد)، 21 جنوری، 2025

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، تین چوتھائی (75%) پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ بینک ٹرانزیکشنز (یعنی بینک میں رقم جمع کروانا یا نکلوانا) بنیادی طور پر اُن کے گھرانے کے مرد حضرات کرتے ہیں، جبکہ 7% پاکستانیوں کے مطابق بینک میں رقم جمع کروانا یا نکلوانا خاص طور پر اُن کے گھرانے کی خواتین کرتی ہیں۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" میں آپ کے سامنے مختلف کاموں کی فہرست پڑھتا ہوں۔ ملک کے بعض گھرانوں میں یہ کام عام طور پر گھر کے مرد کرتے ہیں اور بعض گھرانوں کی عورتیں۔آپ کے گھر میں یہ کام عام طور پر کون کرتا ہے - بینک سے رقم لانا لے جانا ؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 75% جوابدہندگان کے مطابق اُن کے گھر کے ''مرد حضرات'' عام طور پر بینک سے رقم لاتے یا لے کر جاتے ہیں ، 7% جوابدہندگان کے مطابق اُن کے گھر کی ''خواتین'' عام طور پر بینک سے رقم لاتی یا لے کر جاتی ہیں ، جبکہ 7% جوابدہندگان نے اس حوالے سے دیگر جوابات دیئے، تاہم 12% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"میں آپ کے سامنے مختلف کاموں کی فہرست پڑھتا ہوں۔ملک کے بعض گھرانوں میں یہ کام بالعموم گھر کے مرد کرتے ہیں اور بعض گھرانوں کی عورتیں۔آپ کے گھر میں یہ کام عام طور پر کون کرتا ہے - بینک سے رقم لانا لے جانا؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**دیہی ۔شہری علاقوں کے اعتبار سے:** شہری علاقوں میں رہنے والے افراد (69%) کی نسبت دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (79%) کی زیادہ شرح کا کہنا ہے کہ بینک ٹرانزیکشنز (یعنی بینک میں رقم جمع کروانا یا نکلوانا) بنیادی طور پر اُن کے گھرانے کے مرد حضرات کرتے ہیں، دونوں علاقوں کے درمیان اس حوالے سے 10% کا فرق دیکھنے میں آیا۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 458 خواتین اور مرد حضرات سے 7 تا 12 جنوری 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 21st January 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2025

celebrating
45
years
of Gallup Pakistan
(1980-2025)